TIPS FOR PARENTS

# Understanding the *Safe Schools Act*




# سیف سکولز ایکٹ کو سمجھنا

**طلبہ سکول میں کس طرح رویہ رکھیں کے بارے میں کوئی باضابطہ پالیسی ہے؟**

جی ہاں۔ ایجوکیشن ایکٹ میں صوبائی *کوڈ آف کانڈکٹ* واضح صوبائی معیار مقرر کرتا ہے اور نامناسب رویے کے صورت میں کئی طرح کے نتائج تجویز کرتا ہے۔ یہ اصول سیف سکول ایکٹ کہلائے جاتے ہیں، اور 2008 کے اوائل میں نافذ ہوئے۔

**کیا سیف سکول ایکٹ طالبعلموں کو معطل کرنے اور خارج کرنے پر توجہ مرکوز رکھتا ہے؟**

نہیں۔ گو کہ ایکٹ ایسی سرگرمیوں کا ذکر کرتا ہے جو معطلی اور اخراج پر منتج ہوتی ہیں، یہ بچاؤ اور بروقت مداخلت پر زیادہ توجہ مرکوز رکھتا ہے۔

- ہر سکول بورڈ اور ہر سکول کا اپنا کوڈ آف کانڈکٹ ہونا لازمی ہے جو پرووونشل کوڈ آف کانڈکٹ کو ساتھ ملاتا ہو اور خاص قسم کے رویوں کے لئے نتائج مقرر کرتا ہو۔ کوڈ آف کانڈکٹ عوام الناس کے لیے دستیاب ہونا چاہیے، اور عموماً سکول میں لگا ہوتا ہے۔ یہ ایکٹ 'بتدریج نظم و ضبط' پر زور ڈالتا ہے، جسکا مطلب ہے کہ پرنسپل ہر موقع سے نبٹنے کے لیے سب سے زیادہ مناسب طریقے پر غور کرے گا۔ اس میں والدین سے ملاقات، لکھنے کے لیے کوئی اسائنمنٹ یا مشاورت شامل ہوسکتی ہے۔ اگر رویہ برقرار رہتا ہے یا بہت سنجیدہ ہے، نظم و ضبط بڑھ کر معطلی یا شاذ و نادر اخراج ہوسکتا ہے۔

- طالبعلم کو معطل کرنے سے قبل پرنسپل کو اس بات پر غور کرنا لازمی ہے کہ طالبعلم نے اس طرح کا رویہ کیوں اختیار کیا۔ کیا اس میں نسلی تعصب شامل ہے؟ کیا دہمکی تھی؟ کیا طالبعلم سپیشل ایجوکیشن لیتا ہے؟ یہ 'تخفیف کرنے والے عوامل' کہلاتے ہیں اور ان پر غور کیا جانا چاہیے، بشمول اس بات کے کہ معطلی طالبعلم کی جاری تعلیم پر کیسے اثرانداز ہوگی۔

- ٹیچر طالبعلموں کو معطل نہیں کرسکتے: صرف پرنسپل کو یہ اختیار حاصل ہے۔ کسی طالبعلم کو باہر کرنے کا فیصلہ پرنسپل اور سکول بورڈ کے عملے کے ساتھ ملکر صرف ٹرسٹیوں کی کمیٹی ہی کرسکتی ہے۔

**کیا کوئی طالبعلم کسی دوسرے طالبعلم کو دہمکی دینے کی وجہ سے معطل کیا جاسکتا ہے؟**

جی۔ دہمکی دینا ایک سنجیدہ جرم ہے۔ دہمکی دینے کے نتائج ہیں، اگرچہ یہ سکول کی جگہ سے باہر ہو یا انٹرنیٹ پر ہوئی ہو۔ دہمکی سے بچاؤ میں مدد کرنے کے لیے ہر سکول کے پاس سیف سکول ٹیم ہونا لازمی ہے۔

**کیا یہ اصول سکول کے احاطے سے باہر بھی لاگو ہیں؟**

جی۔ مثلاً، اگر کوئی طالبعلم دوسرے طالبعلم یا ٹیچر کو اپنے گھر میں موجود ہوتے ہوئے انٹرنیٹ پر دہمکی دیتا ہے، یہ رویہ سکول کی فضا پر اثرانداز ہوسکتا ہے اور طالبعلم کو زیادہ سے زیادہ 20 دن تک معطل کیا جا سکتا ہے۔

**طالبعلم کی معطلی کی صورت میں کیا ہوتا ہے؟**

- پرنسپل کو چاہیے کہ شاگرد کے والدین کو لازماً 24 گھنٹوں کے اندر معطلی کے بارے میں تحریری صورت میں مطلع کرے۔ اس نوٹس میں معطلی کی وجہ، معطل شدہ طالبعلموں کے پروگراموں بارے میں معلومات اور اپیل کے حق اور اپیل کی کارروائی کے بارے میں معلومات لازماً شامل ہونی چاہیے۔
- طالبعلم 1 سے 20 سکول کے دن تک کے لیے معطل کیا جاسکتا ہے۔ معطلی کے دوران طالبعلم سکول میں حاضر نہیں ہوسکتا یا سکول کی سرگرمیوں میں بشمول غیر تعلیمی سرگرمیوں کے، حصہ نہیں لے سکتا۔
- طالبعلم جو 5 دن سے زیادہ معطل کیے گئے ہوں کے لیے لازما" ایک تعلیمی پروگرام پیش کیا جائے جو ان کی سیکھنے میں معاون ہو۔ لیکن وہ شریک نہ ہونے کا اختیار رکھتے ہیں۔
- طالبعلم جو 10 دنوں سے زیادہ معطل کیے گئے ہوں کے لیے لازما" ایک تعلیمی پروگرام/*اور* غیر تعلیمی سہولیات پیش کی جائیں جیسے کہ مشاورت۔
- پرنسپل، والدین یا نگرانوں کے پاس تمام معطلیوں یا اخراج کے لئے اپیل کرنے کا حق ہے، لیکن اپیل پر سکول بورڈ کا فیصلہ آخری ہے۔

people for Education
BECAUSE EDUCATION MATTERS MOST

Copies are available in several languages at *www.peopleforeducation.com.*

For more information, call 416-534-0100 or email: *info@peopleforeducation.com*
© People for Education 2009
THE ONTARIO TRILLIUM FOUNDATION
LA FONDATION TRILLIUM DE L'ONTARIO

toronto community foundation

# Understanding the Safe Schools Act

- جب کوئی طالب علم معطلی کے باضابطہ معیار کے تحت معطل کیا جائے تو پرنسپل ایک تفتیش عمل میں لائے جو سفارش پیش کرے کہ آیا طالب علم کو خارج کیا جانا چاہیے۔
- پرنسپل اگر کسی طالب علم کو خارج کرنے کی سفارش پیش کرتا ہے، بورڈ کو چاہیے کہ اس طالب علم کو خارج کرنے کے فیصلے کے لیے ایک پیشی رکھے۔ پیشی میں پرنسپل ، طالب علم، طالب علم کے والدین یا نگران، اور سکول بورڈ کے ارکان حصه لیتے ہیں۔
- طالب علم اگر خارج ہوا ہے، بورڈ اس طالب علم کے لیے یا تو دوسرا سکول تلاش کرے یا طالب علم کو خارج شدہ طالبعلموں کے کسی پروگرام میں جگه دلوائے۔
- ہر خارج کیے گئے طالب علم کے لیے ایک سٹوڈنٹ ایکشن پلان (SAP ) تیار کرنا لازمی ہے۔ پرنسپل سٹاف ، طالبعلم اور اسکے والدین کے تعاون کے ساتھ مل کر،SAP پرنسپل تیار کروائے گا ۔ اس پلان میں اہداف، ترقی کے معیار اور طالبعلم کی امداد کے طریقے شامل ہونگے۔
- کسی معطل کیے گئے طالبعلم کی کلاس میں واپسی سے پہلے، اسکی واپسی کو سہل بنانے کی یقین دہانی کے لیے دوبارہ داخلے کا پلان تیار کرنا لازمی ہے۔

کیا ایسی چیزوں کی فہرست ہے جن کا انجام خودبخود معطلی ہوتا ہے

| ایسی سرگرمیاں جو معطلی کی طرف لے جا سکتی ہیں | سرگرمیاں جو لازماً معطلی کی طرف جاتی ہیں اور جسکے لیے پرنسپل لازماً خارج کرنے کے بارے میں غور کرے |
|---|---|
| شدید جسمانی ضرر پہونچانے کی زبانی دہمکی دینا | کسی ہتھیار کا پاس ہونا |
| الکحل یا غیر قانونی منشیات رکھنا | کسی ہتھیار کو جسمانی ضرر پہنچانے یا دہمکانے کے لیے استعمال کرنا |
| الکحل کے زیر اثر ہونا | کسی دوسرے شخص پر جسمانی حملے کا ارتکاب کرنا جس کے نتیجے میں جسمانی چوٹ لگی ہو اور طبی ماہر کے علاج کی ضرورت پیش آئی ہو۔ |
| کسی استاد یا با اختیار شخص کو گالی دینا | جنسی حملہ کرنا |
| غنڈہ گردی کے ایسے عمل کا ارتکاب کرنا جسکی وجه سے طالبعلم کے سکول کی جائداد یا طالبعلم کے سکول کے اندر کی جائداد کو شدید نقصان پہنچے۔ | ہتھیار اور غیر قانونی منشیات کی خرید وفروخت کرنا |
| دہمکانا | ڈاکه ڈالنا |
| کوئی اور دیگر عمل جسکی وجه سے پرنسپل سکول بورڈ کی پالیسی کے تحت کسی شاگرد کو معطل کرسکتا ہو۔ | کسی نابالغ کو الکحل دینا |
| | کوئی اور حرکت جسکی وجه سے سکول بورڈ کی پالیسی کے تحت پرنسپل کسی شاگرد کو معطل کرسکتا ہو اور تفتیش کا اہتمام کرسکے که آیا بورڈ کو شاگرد کے خارج کرنے کے فیصلے کے لیئے سفارش پیش کرنی چاہیے۔ |

ر بورڈ اور ہر سکول کی اپنی خود کی سیف سکول پالیسیاں ہونی لازمی ہیں۔آپ اپنے بورڈ کی پالیسی کے بارے میں اپنے سکول یا اپنے بورڈ کی ویبسائٹ پر مزید جان سکتے ہیں۔

محفوظ سکولوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیئےwww.peopleforeducation.com پر جائیے۔

people for Education
BECAUSE EDUCATION MATTERS MOST

People for Education is an independent parents' group working to support public education in Ontario's English, French and Catholic schools.

**You can reach us at:** P.O. Box 64, Station P, Toronto, Ontario, M5S 2S6
Phone: 416-534-0100 • fax: 416-536-0100 • email: *info@peopleforeducation.com* or visit: *www.peopleforeducation.com*